## سوال

میرے دوبچے ھین جن کی وجا سے گھر مین لرای ھوتی ھے اکسر میری بیوی ایک طرف ھوتی ھے اور میرے والد اور بھن بھائ ایکطرف ھوتے ھین اور میری بیوی میرے والد سے بدتمیزی کرتی ھے میرے گھر کا سکون برباد ھوگیا ھے اگر مین بیوی کا ساتھ دیتا ھون تو گھر والون کی نزر مین برا بنتا

## جواب

نافرمان بیوی کو طلاق السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میری بیوی میری بات نہیں مانتی جھگڑا رہتا ہے اور نافرمانی بھی کرتی ہے والدین سے بتمیزی بھی کرتی ہے وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!! جب کسی کی بیوی اس کی فرمانبرداری نہ کرے، اس کے حقوق ادا نہ کرے اور خوش اسلوبی کے ساتھ زندگی نہ گزارے تو قرآن کریم نے اس کی اصلاح کی ترتیب وار تین طریقے بتائے ہیں، طلاق دینے سے پہلے ان باتوں پر عمل کرنا چاہیئے۔ ۱)... پہلا طریقہ اور درجہ یہ ہے کہ خاوند نرمی سے بیوی کو سمجھائے، اس کی غلط فہمی دور کرے۔ اگر واقعی وہ جان کر غلط روش اختیار کئے ہوئے ہے تو سمجھا بجھا کر صحیح روش اختیار کرنے کی تلقین کرے، اس سے کام چل گیا تو معاملہ یہیں ختم ہوگیا، عورت ہمیشہ کے لئے گناہ سے اور مرد قلبی اذیت سے اور دونوں رنج و غم سے بچ گئے اور اگر اس فہمائش سے کام نہ چلے تو... ۲)... دوسرا درجہ یہ ہے کہ ناراضگی ظاہر کرنے کے لئے بیوی کا بستر اپنے سے علیحدہ کردے اور اس سے علیحدہ سوئے۔ یہ ایک معمولی سزا اور بہترین تنبیہ ہے، اس سے عورت متنبہ ہوگئی تو جھگڑا یہیں ختم ہوگیا، اور اگر وہ اس شریفانہ سزا پر بھی اپنی نافرمانی اور کج روی سے باز نہ آئی تو... ۳)... تیسرے درجے میں خاوند کو معمولی مار مارنے کی بھی اجازت دی گئی ہے، جس کی حد یہ ہے کہ بدن پر اس مار کا اثر اور زخم نہ ہو... مگر اس تیسرے درجہ کی سزا کے استعمال کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند نہیں فرمایا، اسلئے اس درجہ پر عمل کرنے سے بچنا اولیٰ ہے۔ بہرحال اگر اس معمولی مار پیٹ سے بھی معاملہ درست ہوگیا، صلح صفائی ہوگئی، تعلقات بحال ہوگئے، تب بھی مقصد حاصل ہوگیا، خاوند پر بھی لازم ہے کہ وہ بھی بال کی کھال نہ نکالے اور ہر بات منوانے کی ضد نہ کرے، چشم پوشی اور درگزر سے کام لے اور حتی الامکان نباہنے کی کوشش کرے۔ اللہ ہم سب بہنوں کو اپنے خاوندوں کا فرمانبردار بنائے آمین دو آدمیوں کی نمازان کے سروں سے اوپر نہیں جاتی۔ ایک اپنے آقا سے بھاگا ہوا غلام یہاں تک کہ وہ واپس آجائے۔ اور دوسری وہ عورت جو اپنے خاوند کی نافرمان ہو یہاں تک کہ وہ اس کی فرمانبردار بن جائے (السلسلۃ الصحیحۃ : 288، ، صحیح الجامع : 136 الألبانی : حسن صحیح) میاں بیوی کا رشتہ باہمی ہمدردی اور ایک دوسرے کی خیر خواہی جیسے محبت بھرے جذبات پر استوار ہوتا ہے۔ لیکن اگر اس رشتے میں کانٹے اگ آئیں اور محبت کی جگہ نفرت پیدا ہوجائے، اور میاں بیوی کا باہمی طور پر اکٹھا رہنا مشکل ہوجائے تو شریعت نے اس اضطراری حالت میں طلاق کے ذریعے دونوں کو ایک دوسرے سے علیحدہ ہوجانے کا اختیار دے رکھا ہے۔ آپ نے جو صورت حال بیان کی ہے، اس کا بہترین حل یہی ہے کہ خاندان کی بزرگوں کو اس میں ڈالا جائے، اگر معاملہ درست ہوجائے تو ٹھیک، ورنہ طلاق کا آپشن آپ کے پاس موجود ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث